# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 03 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ریاست میں مہانو بھاؤ فرقے کی تمام بڑی عبادت گاہوں اور مذہبی مقامات کے ترقیاتی کام کرنے کا وزیر اعلیٰ کا اعلان؛ شکتی پیٹھ شاہراہ کو عوامی نمائندوں کی حمایت حاصل ہونے کا دعویٰ۔

☆ مراٹھواڑہ کو حق کا پانی دلانے کیلئے عوامی نمائندوں کی متحدہ کوششیں کرنے پر آبی کانفرنس میں اتفاق رائے۔

☆ وسنت پنچمی کے موقعے پر مہا کمبھ میلے میں تیسرے امرت غسل کا آغاز، انتظامیہ کی جانب سے سخت حفاظتی انتظامات۔

☆ مہاراشٹر کیسری کشتی مقابلوں میں پونے کے پرتھوی راج موہوڑ فاتح۔

اور۔۔۔☆ جنوبی افریقہ کو شکست دے کر بھارت نے خواتین کا انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ جیت لیا، انگلینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں مردوں کی ٹیم کی بھی فتح۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاست میں مہانو بھاؤ فرقے کے تمام بڑے مذہبی مقامات وعبادت گاہوں کے ترقیاتی کام کرنے کا اعلان وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس نے کیا ہے۔ ناندیڑ ضلعے کے حدگاؤں کے شری گروؤ ریہ باپونگر علاقے میں واقع مہانو بھاؤ طبقے کی عقیدت گاہ شری کرشن دیوا کھلائی مندر کے مذہبی جلسے اور کلش تنصیب کی تقریب سے وزیرِ اعلیٰ خطاب کررہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے یقین دلایا کہ رِدّ پور کے پنچاڑ یشور، جالیکا دیو، اور گووند پر بھوجیسے کئی مذہبی مقامات کے تحفظ وترقیات کے کام کیے جارہے ہیں، اور مستقبل میں بھی یہ کام اسی طرح جاری رہیں گے۔ انہوں نے ان مقامات پر موجود تجاوزات کی برخاستگی کیلئے بات چیت کے ذریعے راستہ نکالنے اور ترقیاتی کام کرنے کا اعلان کرتے ہوئے ریاستی حکومت کی جانب سے اچھے کاموں کی بھرپور حمایت کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ مراٹھواڑا اور ودربھ کے مختلف علاقوں سے مہانو بھاؤ فرقے کے مٹھوں کے سربراہوں سمیت ہزاروں مہانو بھاؤ پیروکار اس تقریب میں شریک تھے۔

دریں اثنا، ناندیڑ میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ شکتی پیٹھ شاہراہ کو تمام ارکانِ اسمبلی کی حمایت حاصل ہے۔

***** ***** *****

حمل ونقل اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ قبائلی علاقوں میں سماجی، اقتصادی اور تعلیمی پسماندگی کو دور کرنا حکومت کے سامنے سب سے بڑا چیلنج ہے اور جامع ترقی کیلئے اجتماعی کوششیں ضروری ہے۔ کل ناگپور میں آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (ایمس) میں منعقدہ FIST-2025 بین الاقوامی کانفرنس سے گڈکری خطاب کررہے تھے۔ کل، وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں اس کانفرنس کا اختتام عمل میں آیا۔

***** ***** *****

ادبی جلسوں اوراجتماعات میں ادب کے ساتھ ساتھ زراعت، باہمی تعاون، تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی جیسے موضوعات پرسیر حاصل مذاکرہ کرنے کی ترغیب امدادِ باہمی کے ریاستی وزیر باباصاحب پاٹل نے دی ہے۔ وہ' کل دھاراشیو ضلع کے پَرَسپ میں دسویں مراٹھواڑہ دیہی ادبی اجلاس کی افتتاحی تقریب سے پاٹل خطاب کررہے تھے۔انھوں نے کہا کہ انھیں ریاست کے امدادِ باہمی محکمے کا وزیر بننے کا موقع حاصل ہوا ہے اور وہ امدادِ باہمی شعبے کے ساتھ زراعت اور تعلیمی ترقی کو بھی ترجیح دیں گے۔

ساہتیہ سمّیلن کے صدر آسارام لومٹے، استقبالیہ کمیٹی کے صدر رُکنِ کونسل وکرم کالے، سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر منوہر چاسکر، ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری اس تقریب میں موجود تھے۔

افتتاحی تقریب سے قبل منعقدہ کتابی پربھات پھیری میں مختلف ملبوسات پہن کر اسکولی کے طلباء نے شرکت کی۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے مراٹھی زبان محکمہ کے زیر اہتمام پونے میں منعقدہ تیسرا عالمی مراٹھی ادبی اجلاس کل مہاراشٹر نونرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے کی موجودگی میں اختتام پذیر ہوا۔ انہوں نے حاضرین کو اپنی مادری زبان پر ثابت قدم رہنے کی ترغیب دیتے ہوئے مراٹھی زبان کی ترویج واشاعت اور مراٹھی بولنے والوں کی بقاء کیلئے ہر شہر میں اس طرح کے مراٹھی اجلاس منعقد کرنے کیلئے حکومت سے نمائندگی کرنے کی یقین دہانی کروائی۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ جل سمرّدھی پرتشٹھان، ٹیم آف اسوسی ایشن (مسیا)، شکر کارخانے' کسانوں کی امدادِ باہمی تنظیم اور پانی تقسیم ادارے کے زیرِ اہتمام چھترپتی سمبھاجی نگر میں مراٹھواڑہ میں پانی کے مسائل اور آبپاشی کی ترقی کے موضوع پر کل ''جل سنواد-2025'' کانفرنس منعقد ہوئی۔کانفرنس میں موجود آبی ماہرین نے مساوی پانی کے حصول کیلئے مراٹھواڑہ کے عوامی نمائندوں کو متحدہ طور پر جدوجہد کرنے کی ترغیب دی۔اس ایک روزہ کانفرنس میں ضلع کے رابطہ وزیر سنجے شرساٹ اور دیگر عوامی نمائندے موجود تھے۔محکمۂ تعمیرات عامہ کے چیف انجینئر اتل چوہان نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مراٹھواڑہ کے حق کا پانی حاصل کرنے کیلئے کسی تنازعے کے بغیر بھی مسئلہ حل کیا جاسکتا ہے۔انھوں نے کہا کہ کوکن سے سہیادری پہاڑی سلسلے تک کے پانی کو بند پائپوں کے ذریعے مراٹھواڑہ تک لانا آسانی سے ممکن ہے، اور اس پانی سے توانائی سازی کے منصوبے بھی شروع کیے جاسکتے ہیں۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

اتر پردیش کے پریاگ راج میں جاری مہاکمبھ میلے میں وسنت پنچمی کے موقعے پر تیسرے امرت غسل کا آج صبح سے آغاز ہوگیا۔خبروں کے مطابق مہانروانی پنچایتی اکھاڑہ اور شمبھو پنچایتی اکھاڑے کے امرت غسل سے اس کی شروعات ہوئی۔گزشتہ ہفتے ہونے والی بھگدڑ کے پیش نظر آج انتظامیہ کی جانب سے سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔عقیدتمندوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے نیم فوجی دستوں سمیت 50 ہزار سے زائد پولس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔

دریں اثنا، مہاکمبھ میلے میں شریک ہونے والے عقیدت مندوں کی حفاظت کیلئے رہنما خطوط اور ضابطوں کو نافذ کرنے کا مطالبہ کرنے والی ایک عرضی کی عدالتِ عظمیٰ آج سماعت کرے گا۔

***** ***** *****

اہلیانگر میں منعقدہ 67ویں سینئر ریاستی چیمپئن شپ اور مہاراشٹر کیسری کشتی ٹورنامنٹ میں پونے کے پرتھوی راج موہوڑ نے فتح حاصل کی ہے۔ انہوں نے گادی کے زمرے میں ناندیڑ کے شیوراج راکشے کو شکست دی، جبکہ مٹی کے زمرے میں شولاپور کے مہیندر گائیکواڑ نے پربھنی کے ساکیت یادو کو ہرایا۔ بعدازاں‘ پرتھوی راج موہوڑ اور مہندر گائیکواڑ کے درمیان ہوئے فائنل مقابلے میں پرتھوی راج موہوڑ نے اپنے حریف کو قابو کرتے ہوئے جیت حاصل کی۔ مرکزی وزیر مرلی دھر موہوڑ، نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار، قانون ساز کونسل کے چیئرمین رام شندے، آبی وسائل کے ریاستی رادھا کرشن وکھے پاٹل اور وزیر کھیل دتا بھرنے کی موجودگی میں موہوڑ کو چاندی کا گدا پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

خواتین کے انڈر-19 ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ ٹورنامنٹ کے فائنل مقابلے میں کل بھارت نے جنوبی افریقہ کو شکست سے دوچار کرکے خطاب اپنے نام کرلیا۔ جنوبی افریقہ کے 83 رنوں کے ہدف کو بھارت نے ایک وکٹ کے نقصان پر بارہویں اوور میں عبور کرلیا۔ اس مقابلے میں تین وِکٹ حاصل کرنے والی گونگدی ترِیشا کو میچ اور سیریز کی بہترین کھلاڑی کے خطاب سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

مَردوں کے کرکٹ میں پانچویں ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو 150 رنوں سے شکست دے دی۔ کل ممبئی میں کھیلے گئے مقابلے میں بھارت نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 248 رنز بنائے‘ اس کے جواب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم 97 رنوں پر آؤٹ ہوگئی۔ ابھیشیک شرما کو میچ کا بہترین کھلاڑی اور وَرون چکرورتی کو سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

***** ***** *****

اُتراکھنڈ میں جاری 38ویں قومی کھیلوں میں مہاراشٹر نے 12 طلائی تمغے جیت کر تیسرا مقام حاصل کیا ہے۔ ویٹ لفٹنگ مقابلوں میں مردوں کے 102 کلووزنی زمرے میں مہاراشٹر کے وَیشو شہاجی ٹھاکر نے طلائی تمغہ اپنے نام کیا۔ پوائنٹ ٹیبل میں فوج کی ٹیم سب سے زیادہ 14 طلائی تمغے جیت کر اوّل مقام پر ہے‘ جبکہ کرناٹک 13 طلائی تمغوں کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔

***** ***** *****

کئی سالوں سے زیرِ التوا‘ 900 کروڑ کے دھاراشیو۔تلجاپور۔شولاپور ریلوے ٹریک منصوبے کی ترمیم شدہ قیمت اب تین ہزار کروڑ روپئے ہوچکی ہے۔ لہٰذا اس اضافے کے مطابق ریلوے بورڈ سے فنڈ زفراہم کرنے کا مطالبہ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ریلوے وزیر اشونی ویشنو سے کیا ہے۔ تلجاپور کے رکنِ اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل نے کل یہ اطلاع دی۔ انھوں نے کہا کہ جدید سہولیات سمیت دھاراشیو ریلوے اسٹیشن کو تین گنا کشادہ کیا جائے گا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست میں مہانو بھاؤ فرقے کی تمام بڑی عبادت گاہوں اور مذہبی مقامات کے ترقیاتی کام کرنے کا وزیر اعلیٰ کا اعلان؛شکتی پیٹھ شاہراہ کو عوامی نمائندوں کی حمایت حاصل ہونے کا دعویٰ۔

☆ مراٹھواڑہ کو حق کا پانی دلانے کیلئے عوامی نمائندوں کی متحدہ کوششیں کرنے پر آبی کانفرنس میں اتفاق رائے۔

☆ وسنت پنچمی کے موقعے پر مہا کمبھ میلے میں تیسرے امرت غسل کا آغاز،انتظامیہ کی جانب سے سخت حفاظتی انتظامات۔

☆ مہاراشٹر کیسری کشتی مقابلوں میں پونے کے پرتھوی راج موہوڑ فاتح۔

اور۔۔۔☆ جنوبی افریقہ کو شکست دے کر بھارت نے خواتین کا انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ جیت لیا،انگلینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں مردوں کی ٹیم کی بھی فتح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔اس کے بعد ہمارا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****